سوال

خطیب خطبہ جمعہ کے دوران بیمار ہوگیا اور وہ نماز نہ پڑھ سکا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام صاحب نے جمعہ کے دن خطبہ دیا لیکن پھر وہ دوسرے خطبہ کے دوران بیمار پڑگئے خطبہ مکمل کرنے کے بعد منبر سے نیچے اتر آئے اور شدت مرض کے باعث کھڑے نہ ہوسکے پھر نماز کے پورا ہونے کے بعد انہیں اس مرض سے افاقہ ہو تو کیا وہ قضاء کے طور پر نماز ظہر پڑھیں گے یا نماز جمعہ جب کہ انہیں افاقہ ہوا تو ابھی جمعہ کا وقت ختم نہیں ہوا تھا ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص امام کے ساتھ نماز جمعہ کی ایک رکعت نہ پاسکے اسے نماز ظہر پڑھنا ہوگی کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا یہی مفہوم ہے کہ :

(من ادرک رکعة من الجمعة فقد ادرک الصلاة) (سنن ان ماجہ)

"جو شخص جمعہ کی ایک رکعت پالے اس نے جمعہ کو پالیا"

اور یہ شخص تو امام کے ساتھ نماز جمعہ میں بالکل شریک ہی نہ ہوسکا تھا لہذا اسے ظہر کی نماز ادا کرنا ہوگی

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص528

محدث فتویٰ